© rasailojaraid.com


کی کتاب الاسلام وجہ تحریک بنی۔ کاسٹری نے جو بے سروپا اور گندی اور ناقابل تصور باتیں اسلام کے متعلق لکھی ہیں وہ دنیا نے عرب میں اسلام کے خلاف اندھے تعصبات پھیلانے کی مہم کا ایک اہم پارٹ ہیں۔ چنانچہ پروفیسر شیخ عبدالعزیز مصری نے کاسٹری اور دوسرے جاہل اور متعصب مستشرقین کی افترا پردازیوں کو سامنے رکھ کر ایک کتاب "الاسلام دین الفطرۃ" کے عنوان سے لکھی ہے جس میں اسلام کے اصلی خدوخال کو پیش کیا ہے یہ کتاب ۱۹۰۵ء میں الجزائر میں ہونے والی مستشرقین کی کانفرنس میں پیش کی گئی اور بعد میں لندن سے اس کا انگریزی ترجمہ بھی شائع ہوا۔ ابو تمکین افتخار احمد صاحب نے اردو میں اس کا آزاد ترجمہ کیا ہے۔ طباعتی معیار ذرا پست محسوس ہوا۔

**روح قرآن اور سائنس** | از جناب مہر علی قریشی صاحب بی اے۔ شائع کردہ: گوشۂ ادب، چوک انارکلی، لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گردپوش ۸/۵۰

مؤلف کا موضوع دلچسپی عالم روحانیت ہے۔ آپ نے اس کتاب میں سائنس کی تحقیقات کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ روح کیا چیز ہے، روحوں کا عالم کس نوعیت کا ہے، روح جسم میں آتی کیسے ہے اور نکلتی کیونکر ہے، روحوں سے باتیں کس طرح کی جا سکتی ہیں، روحیں کس طرح زندہ عزیزوں سے دلچسپی لیتی ہیں اور روحانئین کیوں ارواح سے قریبی علاقہ رکھتے ہیں۔ ہماری رائے یہ ہے کہ مؤلف نے اپنے روحانی حقائق کو ثابت کرنے کے لئے قرآن سے استدلال کرنے میں اور سائنس سے توجیہات پیش کرنے میں اچھا خاصا مضحکہ انگیز طریقہ اختیار کیا ہے۔ یہ کتاب نہ دین کا علم رکھنے والوں کو اپیل کر سکتی ہے، نہ سائنس کا علم رکھنے والوں کو، البتہ وہ روحانیت پرست جو نہ دین کو جانتے ہوں نہ سائنس کو، اسے بڑا کارنامہ سمجھ سکتے ہیں۔ طباعتی حسن کا معیار بہت ارفع و اعلیٰ ہے۔

کتاب کا یہ کلمۂ افتتاح نہ جانے کو نسے مذہبی یا سائنٹفک ماخذ سے لیا گیا ہے کہ "کتب بینی سب سے بڑی عبادت ہے اور ..."

**علم و عرفان** | تالیف: شہزادہ اسد الرحمٰن قدسی۔ شائع کردہ، گوشۂ ادب، چوک انارکلی، لاہور۔ قیمت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مجلد مع رنگین گرد پوش ۸ روپے۔

کتاب کا مرکزی مقصود تو معلوم نہیں کیا ہے۔ موضوع فکر دینی حقائق ہیں جن میں امورِ غیبی و تکوینی بھی شامل ہیں اور کچھ امورِ تشریعی بھی۔ ترتیب یہ ہے کہ ایک ایک عنوان دے کر اس کے متعلق قرآن کی دو ایک آیات درج کر کے تھوڑی سی تشریحی گفتگو کی گئی ہے۔ ہلکی سی چاشنی ذوقِ تصوف کی بھی دی گئی ہے، مگر بس مناسب حد تک۔ طباعت کا معیار اعلیٰ ہے۔

**اساس دین کی تعمیر** از: مولینا صدر الدین صاحب اصلاحی: شائع کردہ، مکتبہ جماعت اسلامی ہند، رام پور، یوپی۔ قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۸ روپے

مؤلف کی اس کاوش کا منشا یہ ہے کہ دین پر کاربند ہونے اور اسلامی زندگی استوار کرنے کے لئے اس کی بنیادوں کو اچھی طرح مضبوط کرنا چاہیے۔ شعوری اور اعتقادی پہلو سے ایمان باللہ اور ایمان بالآخرۃ کو اور عملی پہلو سے ذکرِ الٰہی (نماز) اور صبر کو مؤلف نے اساس دین کی تعمیر کے اہم وسائل قرار دے کر ان پر تفصیلی گفتگو کی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ بڑی کام کی باتیں بڑے مؤثر انداز کے ساتھ پیش کی ہیں۔

**الفوز الکبیر فی اصول التفسیر** از سیدنا شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ شائع کردہ مکتبہ سلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور۔ قیمت ۲؁

علمِ تفسیر میں امام شاہ ولی اللہ دہلوی کا یہ مشہور رسالہ ہے۔ مکتبہ سلفیہ نے اچھے کاغذ پر نہایت خوشنما عربی ٹائپ میں شائع کیا ہے۔ مکتبہ کی یہ خدمت قابلِ قدر ہے۔

**اجتہاد** از: خالد انصاری صاحب، بھوپال۔ شائع کردہ انجمن مسلمانان مجگاؤں۔ شریف بلڈنگ۔ مری روڈ بمبئی ۱۰۔ قیمت نامعلوم۔

مؤلف کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اسلام پر عمل پیرا رہنے کے لئے اجتہاد ہر دور میں ضروری ہے۔ اسلام اگر قیامت تک کے لیئے ہے تو اجتہاد کا دروازہ قیامت تک کے لئے کھلا ہونا چاہیے۔ چنانچہ اجتہاد کی حقیقت، اس کے شرائط اور تقاضے اور مختلف ادوار کی تاریخ اجتہاد کو پیش کر کے

© rasailojaraid.com